اب تمام حروف نورانی کا استخراج کریں اور ان کی عددی قیمت لیں۔ہماری مثال میں ان کی کل عددی قیمت ۲۰۷ بنتی ہے۔اس کے مطابق نقش ۱۰۲الف پُر کریں۔خیال رہے یہ چال ہے مسدس کی جو کہ منسوب شرف آفتاب سے ہے۔عموماً تجربہ کار اور صاحب علم عاملین کو اس نقش کے لکھنے کے بارے میں مزید وضاحت کی ضرورت نہیں ہوتی۔تاہم یاددہانی کے لئے تحریر کیے دیتا ہوں کہ جس قدر اعداد حاصل ہوں۔ان میں سے ۱۰۵ اعدد قانون کے تفریق کرکے باقی کو ۶ سے تقسیم کردیں۔جو حاصل آئے اس کو چال کے خانہ اول میں رکھ کر نقش مکمل کرلیں۔اگر تقسیم سے کچھ بچ جائے تو بمطابق کسر مختلف خانوں میں سے متعلقہ خانے میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔

چال نقش

۱	۳۵	۳	۳۴	۳۲	۶
۳۰	۸	۲۸	۲۷	۱۱	۷
۱۳	۲۳	۲۲	۲۱	۱۴	۱۸
۲۴	۱۷	۱۶	۱۵	۲۰	۱۹
۱۲	۲۶	۹	۱۰	۲۹	۲۵
۳۱	۲	۳۳	۴	۵	۳۶

خارج قسمت ۱ ہو تو خانہ ۳۱ میں' دو ہو تو خانہ ۲۵ میں' تین ہو تو خانہ ۱۹ میں' چار ہو تو خانہ ۱۳ میں اور اگر پانچ ہو تو خانہ ۷ میں ایک کا اضافہ کردیں۔

اگر آپ کا ارادہ یہ نقش تحریر کرنے کا ہو تو قبل از وقت اس کی تیاری کرلیں اور عین وقت پر اس کو سونے' چاندی یا کاغذ پر منتقل کرلیں۔اللہ مدد کرنے والا ہے۔

خصوصی نوٹ:

جو خود یہ اعمال تیار نہ کرسکیں وہ خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات سے تیار کرواسکتے ہیں۔عین وقت سے قبل رابطہ کریں۔تاکہ سکون سے کام کیا جاسکے۔بعض اوقات عین موقع پر کام کی زیادتی کی وجہ سے مزید کام کرنا ممکن نہیں ہوتا۔

دائرہ شمسی

ح 6	ج 5	ث 4	ت 3	ب 2	ا 1
س 30	ز 20	ر 10	ذ 9	د 8	خ 7
ع 90	ظ 80	ط 70	ض 60	ص 50	ش 40
م 600	ل 500	ک 400	ق 300	ف 200	غ 100
	ی 1000	ھ 900	و 800	ن 700	

☆☆☆☆☆

جدول ساعات بحوالہ شرف شمس

ملتان				راولپنڈی				کوئٹہ				پشاور				کراچی				لاہور			
9:07	تا	8:03		8:58	تا	7:54		9:24	تا	8:20		9:04	تا	8:00		9:25	تا	8:22		8:54	تا	7:50	1
16:31	تا	15:27		16:25	تا	15:21		16:48	تا	15:44		16:32	تا	15:28		16:46	تا	15:43		16:19	تا	15:16	2
23:20	تا	22:24		23:13	تا	22:17		23:37	تا	22:40		23:19	تا	22:23		23:36	تا	22:39		23:08	تا	22:12	3

نوٹ: شرف شمس کے حوالے سے 8 اپریل کو صرف تین ساعتیں نقوش و اعمال تیار کرنے کے لیے ملیں گی۔9 اپریل کو اس حوالے سے کوئی ساعت نہیں ملے گی۔شرف شمس کی لوح ادارے سے بھی طلب کی جاسکتی ہے۔

76

مصالحہ جات اور ان کے طبی خواص

ارم فرحان

ہم لوگ روزمرہ مصالحہ جات کی خاصیت جانے بغیر انہیں اپنے کھانوں میں بکثرت استعمال کرتے ہیں۔ آیئے آج ہم آپ کو ان مصالحوں کی افادیت سے آگاہ کرتے ہیں۔

دھنیا

سالن میں خاص طور پر خوشبودار ذائقے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ سلاد میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس سے مختلف اقسام کی چٹنیاں تیار کی جاتی ہیں۔ پکوڑوں، سموسوں، کچوریوں اور رول کے مصالحے میں شامل کر کے فلنگ کی جاتی ہے۔ سبز دھنیہ کو دودھ میں جوش دے کر پینے سے بواسیر خواہ بادی ہو یا خونی دور ہو جاتی ہے۔ ریاح خارج کرتا ہے۔ اسے جوش دیکر اس پانی سے کلیاں کرنے سے منہ میں چھالوں اور دیگر تکلیف میں فائدہ ہوتا ہے۔

> "مصالحے کھانے کی شان" مگر استعمال احتیاط سے کریں۔ کمی یا زیادتی نقصان دہ ہے۔ ذائقے اور صحت دونوں کا خیال کریں۔

پودینہ

پودینے کی پتیوں کو دھو کر کاٹ کر تیار کھانوں میں ڈالیں۔ خشک سفوف کو دالوں میں ڈالیں چاٹ پر چھڑکیں۔ سموسوں، پکوڑوں، رول اور کچوریوں کی فلنگ میں استعمال کریں۔ شربت میں ڈالیں اس کی خوشبو ہر کھانے پینے کی چیز کا مزا دوبالا کرے گی۔ پودینے کی پتیاں کھانا ہضم کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ بھوک کھولتی ہیں پیاس کی شدت کم کرتی ہیں اور دست قے اور الٹیوں میں فائدہ کرتی ہیں۔ قبض توڑتی ہیں رنگ صاف کرتی ہیں، جلد کو فائدہ پہنچاتی ہیں۔ پودینے، املی، لیموں وغیرہ کی چٹنی معدے کے افعال کو درست کرتی ہے۔ آنکھوں اور چہرہ پر لگانے سے ٹھنڈک پڑتی ہے۔ اس کا لیپ چہرے کے دانوں کے لیے بھی مفید ہے۔

ہری مرچ اور ادرک

ادرک تمام کھانوں کی جان ہے یہ بادی کا خاتمہ کرتی ہے اور کھانوں کو ہضم ہونے میں مدد دیتی ہے۔ کم مرچوں کا سالن کھانے والے ہری مرچ کو سالن میں، کھانوں میں دہی بڑے، چھولوں میں استعمال کریں۔ اس کے علاوہ لہسن، ادارک، ٹماٹر، پودینہ اور دھنیا کے ساتھ اس کی چٹنی بنائیں۔ ہرے مصالحے کے سالن میں ڈالیں اور سموسوں پکوڑوں، رول وغیرہ کی اس سے فلنگ کریں۔ سبز مرچ معدے کو نقصان نہیں پہنچاتی اور نہ ہی تیزابیت پیدا کرتی ہے، جبکہ ادرک مختلف بیماریوں سے بچنے میں بھی مدد دیتی ہے۔

چھوٹی الائچی

دل جگر، معدے کے لیے مفید ہے۔ متلی، قے، ابکائی کو روکتی ہے۔ نمکین میٹھے پکوانوں میں استعمال ہوتی ہے۔ خوشبو کے لیے خاص طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

بڑی الائچی

نظام ہاضمہ درست کرتی ہے۔ سانس کی بیماریوں میں فائدہ کرتی ہے۔ معدے کو قوت دیتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ پیٹ کے درد میں نجات دیتی ہے۔ کھانوں میں خوشبو اور لذت پیدا کرتی ہے۔

سفید زیرہ

خاص طور پر بگھار کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ کھانا ہضم کرتا ہے۔ معدے، جگر اور آنتوں کے افعال کو درست کرتا ہے۔ دودھ پلانے والی ماؤں کے دودھ میں اضافہ کرتا ہے۔ پیشاب آور ہے۔ بلغم کو کم کرتا ہے۔ نوجوان لڑکیوں اور خواتین میں حیض کی بے قاعدگی کو دور کرتا ہے۔

کالی مرچ

کھانوں میں استعمال ہوتی ہے۔ تیار کھانوں میں اس کا سفوف اوپر سے لذت اور ذائقہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ پھلوں کی چاٹ اور سلاد میں بھی اس کا سفوف نمک کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ جسم اور جلد دونوں کے لیے فائدے مند ہے۔ اعصابی نظام کو قوت دیتی ہے۔ حافظہ تیز کرتی ہے۔ کالی مرچ کے بہتر فوائد کے لیے اسے پیس کر استعمال کریں۔ یہ جسم سے بادی اور ورم کا خاتمہ کرتی ہے۔ انڈوں کے آملیٹ میں نمک اور سیاہ مرچ کا پاؤڈر خاص طور پر ڈالا جاتا ہے۔

لونگ

اس میں وٹامن B، پروٹین، چکنائی، آئرن، سوڈیم اور پوٹاشیم شامل ہوتی ہیں جو دانتوں کے جملہ امراض میں مفید ہوتی ہے۔ نمکین اور میٹھے کھانوں میں خوشبو، لذت اور ذائقہ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ سانسوں کی بدبو دور کرتی ہے ہچکی بند کرتی ہے۔ معدے کی تمام تکالیف کو دور کرتی ہے۔

کلونجی

ان کالے دانوں میں موت کے سوا ہر مرض کا علاج پوشیدہ ہے۔ بے شمار دواؤں میں حکیم اس کا استعمال کرتے ہیں۔ کھانوں میں ذائقہ اور بھگار کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ خاص طور پر اچار میں ڈالی جاتی ہے۔ معدے کو مضبوط بناتی ہے۔ شوگر اور برص کے مریضوں کو فائدہ دیتی ہے۔

میتھی

اس میں حیاتین، پروٹین، کیلشیم اور فاسفورس وغیرہ ہوتی ہے۔ کھانوں میں خوشبو اور بگھارنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ خاص طور پر اچار میں استعمال کی جاتی ہے، جبکہ کڑی اور دالوں کے بگھارنے کے لیے بھی استعمال کی جاتی ہے۔ ذیابیطس میں فائدہ کرتی ہے۔ جسم سے فاسد مادوں کو خارج کرتی ہے، نظام ہضم کو درست کرتی ہے۔ ڈائریا میں مفید ہے۔ گٹھیا، کھانسی، بواسیر اور پیٹ کے امراض میں مفید ہے۔ اس کا باقاعدہ استعمال جسم کو صحت مند رکھنے میں کافی مددگار ثابت ہوتا ہے۔

لہسن

کھانوں میں مصالحے میں شامل کیا جاتا ہے۔ بگار میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ کئی بیماریوں میں ثابت کھایا اور چوسا جاتا ہے۔ لہسن کو اعتدال میں کھائیں۔ زیادہ کھانا مضر ہے۔ بادی کو دور کرتا ہے۔ بچوں میں کھانسی میں شہد کے ساتھ فائدہ کرتا ہے۔ طبیعت کو خوش کرتا ہے۔ ہاضمے اور عقل کو بڑھاتا ہے، لقوہ اور پتے کی پتھری میں مفید ہے۔

نمک اور سرکہ

نمک کے بغیر نمکین کھانا مشکل ہوتا ہے۔ نمک سے کھانے میں ذائقہ آتا ہے۔ تاہم زیادہ نمک کھانے سے بلڈ پریشر ہو سکتا ہے۔ لہذا نمک کا استعمال کم کریں اور اس کی جگہ سرکہ کھائیں۔ یہ نمک سے زیادہ مفید ہے۔ جسم سے خراب مادوں کو نکالتا ہے۔ دانت کا درد دور کرتا ہے۔ اعصابی نظام کو درست کرتا ہے۔

رائی دانہ

کھانے میں پھیکے پن کو ختم کرتی ہے۔ کھٹے، بینگن، کھٹی پالک کے علاوہ اچار میں استعمال ہوتی ہے اور جسم کی فاضل رطوبتوں کو خارج کرتی ہے۔

کالا زیرہ

گرم مصالحے میں شامل ہے۔ قورمہ بریانی میں خاص طور پر استعمال ہوتا ہے۔ جگر آنتوں اور معدے کو قوت دیتا ہے۔ موٹاپا کم کرتا ہے۔ بلغم دور کرتا ہے۔ پھیپھڑوں کے مرض میں فائدہ مند ہے۔

زعفران

کھانوں میں خوشبو اور ذائقہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ زخموں میں مفید ہے۔ حاملہ خواتین اگر اسے دودھ میں ڈال کر پئیں تو بچے کا رنگ سفید ہوتا ہے۔ دل و دماغ کے لیے بھی مفید ہے۔

جائفل

پیٹ پھولنے اور دست کی شکایت میں مفید ہے۔ سردی لگنے میں فائدہ کرتا ہے۔ پیٹ کی بیماریاں دور کرتا ہے۔ قورمے اور بریانی کے مصالحے میں استعمال ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

76

اس کا عملیاتی حل کیا ہے؟

بدنظری

از: خالد اسحاق راٹھور

بدنظر، بدنظری، نظر لگنا، نظروں میں کھا جانا اور ایسے کئی الفاظ اُن تکلیفوں، پریشانیوں، مسائل، مصائب، بدقسمتی، چوٹ، حادثے اور مختلف قسم کے نقصان کے لیے استعمال ہوتے ہیں جو ایک فرد کے بارے دوسرے فرد کی منفی سوچ کے باعث واقعہ ہوتے ہیں۔

اسلامی حوالہ جات

نظر لگنے کے بارے میں مختلف نظریات مروج ہیں، تاہم معلومات عامہ کے لیے اِن میں سے زیادہ اہم کو ہی یہاں زیر بحث لایا جا رہا ہے۔

ایک نظریہ یہ ہے کہ بعض لوگوں کی نظر یعنی دیکھنے کا طریق اور نیت ایسی بُری ہوتی کہ اس کے اثرات کے تحت مقابل بدقسمتی یا کسی بھی قسم کی پریشانی و مشکل کا شکار ہو جاتا ہے۔

دوسرا نظریہ یہ ہے کہ ایسے لوگ جن کی بدنظری کی وجہ سے دوسروں کا نقصان ہوتا ہے یہ خود کسی نحوست، سحر یا بدبختی سے متاثر ہو رہے ہوتے ہیں۔ اس وجہ سے یہ جس کے بارے میں منفی انداز میں سوچتے ہیں وہ بھی اِسی نحوست اور بدقسمتی کا شکار ہو جاتا ہے۔

تیسرا نظریہ اس حوالے سے یہ ہے کہ ایسے لوگوں کے پاس سحری قوتیں ہوتی ہیں، جن کے زیر اثر یہ شر اور بدی کی ترویج کا باعث بنتے ہیں۔

اس نظریے سے اختلاف نہ کرنا عملی لحاظ سے ایک زیادتی اور فنی غلطی ہو گی۔ دراصل عام فہم زبان میں بدنظر کا لفظ ہی اُس فرد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جو اپنی ذاتی نظر میں ایسی خصوصیات کا حامل ہو جن سے دوسرے لوگ متاثر ہو کر کسی تکلیف، پریشانی یا مشکل کا شکار ہو جائیں۔ سحری قوتوں کا حامل ہونا اس زمرے میں نہیں آتا۔ پھر عام طور پر یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ بدنظری کا شکار کرنے والے لوگ عام قسم سے تعلق رکھتے ہیں۔ ایسے مرد و زن جن کے باعث لوگ بدنظر کا شکار ہوتے ہیں اِن کا دور دور تک تعلق سحر وغیرہ سے نہیں ہوتا۔ ایسے لوگ ہر مذہب اور معاشرے میں ہوتے ہیں اور اپنے منفی کارناموں سے اللہ کی مخلوق میں اپنی بات کے لیے ایک ڈر اور خوف پیدا کر دیتے ہیں۔

اس حوالے سے ایک نظریہ یہ بھی ہے کہ کسی فرد کے بڑے بوڑھے یا خاندان کے بزرگ یا کسی اہم ترین فرد یا سربراہ نے کوئی ایسا منفی حرکت یا نحوست سے بھرا ہوا کام کبھی کیا ہوتا ہے۔ جس کے اثرات کے تحت اِس خاندان کے افراد یا چند افراد پر بدنظری کی نحوست کا اثر جلد اور موثر انداز میں ہوتا ہے۔ جو اِن کی ذات پر پڑتی یا آگے بھی منتقل ہوتی۔

ایک اور نظریہ جو بعض حلقوں میں مانا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ نظر کا بلذات وہ وجود نہیں ہوتا جو اس کے بارے خیال کیا جاتا ہے، بلکہ یہ وہ نفسیاتی اثر ہے جو فرد دوسرے فرد کے احساسات، خیالات اور نیت سے اخذ کرتا ہے۔

اس حوالے سے ایک نظریہ یہ ہے کہ بعض خاندانوں پر مجموعی طور پر کوئی خاص نظر یا بدبختی طاری ہوتی ہے جس کا سلسلہ ایک نسل سے دوسری نسل کی طرف منتقل ہوتا رہتا ہے۔ یعنی نظر و نحوست کی شدت اتنی ہوتی ہے کہ اس کے اثرات نسلوں میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ یعنی ایسے لوگوں کو بیرونی نظر متاثر نہیں کرتی بلکہ تسلسل سے وہ خاندانی یا ذاتی بدنظری کا شکار رہتے ہیں۔

نظر لگنا کیا ہے؟ نظر کیسے لگتی اور کام کرتی ہے؟ کیا اس سے بچنا ممکن ہے؟

بدنظری کی ایک کیفیت وہ بھی ہے جس میں کسی کو دل یا زبان سے بددعا دی جاتی ہے کہ تیرا بیڑہ غرق ہو، تیرے ہاتھ ٹوٹیں یا ایسی ہی کوئی بددعا۔ بہر حال یہ کیفیت بھی اپنی نوعیت کے لحاظ سے مکمل طور پر بدنظری میں نہیں آتی، ہاں اس کی ذیلی قسم کہا جا سکتا ہے۔

اسلامی حوالے سے جو بدنظری ہے یا نظر کا لگنا ہے اس کے مدنظر ذیل میں چند احادیث نبوی بیان کی جا رہی ہیں، جس سے تمام امر واضح ہو جائے گا۔

مضمون ہذا کا سلسلہ ابھی جاری ہے باقی مضمون اگلے ماہ

آسان عملیات و حاضرات

نایاب عمل

عمران بشیر

سورۃ الکوثر

چلہ کشی سورہ کوثر اور موکلات کی حاضری

جو شخص سورہ کوثر 41 دن تک ایک ہزار بار صبح ایک ہزار بار شام کو پڑھے بانیت خالص اللہ جل شانہ کے لیے پڑے۔ اس پر عجائبات ظاہر ہوں گے۔ دوران عمل بہت سے عجیب عجیب نظارے نظر آئیں گے۔ ان کی طرف بالکل دھیان نہ کرے۔ سورہ کوثر توجہ سے پڑتا رہے اور خوشبو لوبان جلاتا رہے۔ عجیب باتیں اس شخص پر ظاہر ہوں گی۔ عامل ہر وقت پاکیزہ اور معطر رہے، اور اچھی سی خوشبو عامل اپنے کپڑوں پر لگا کر رکھے، تاکہ موکلات عمل اس شخص سے محبت کریں اور اس کے تمام جائز کاموں میں اس کی مدد کریں۔ اس شخص کو بلند درجوں پر پہنچائیں۔ عامل عمل کے راز کی باتیں کسی پر ظاہر نہ کرے، بلکہ ہر چھوٹی سی بات بھی ہر ایک سے چھپائے، تاکہ جلد اپنی مراد کو پہنچے۔

سورۃ کوثر سے تمام مشکلات کا حل

جو شخص یہ چاہے کہ اس کی زندگی کی تمام مشکلات خود بخود حل ہوتی جائیں۔ اس کی زندگی سکون سے گزرے تو وہ شخص ہر روز بعد نماز فجر 101 بار چالیس دن تک پڑھتا رہے۔ چالیس دن کے بعد اسے پڑھنے والے پر عجیب و غریب اسرار ظاہر ہوں گے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ عمل میں ناغہ نہ ہو۔ اس عمل کی برکت سے عامل کی تمام حاجات غیب سے پوری ہوں گی۔ عامل کے تمام دشمن کمزور ہوں گے۔ عامل کو خود ہی معلوم ہو جائے گا کہ اس کو کیا کیا فائدہ حاصل ہو رہے ہیں۔ غیب سے کاروبار اور روزی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ کاروبار بڑھے گا اور اس شخص کو معلوم ہوگا کہ اس سورہ کی برکت کس قدر زیادہ ہے۔

سورہ کوثر سے جناتی روحوں کی تسخیر

اگر کوئی شخص غیبی مخلوق یا جناتی روحوں کی اپنے قابو میں کرنا چاہے تو کسی تنہا کمرے میں دروازہ بند کر کے صندل وعود کا بخور روشن کرے۔ اپنے متعلقہ کام کی نیت ذہن میں رکھ کر 2 سو بار سورہ کوثر اول آخر درود ابراہیمی 40 بار پڑھے۔ ایک چلہ برابر اسی طرح کرتا رہے۔ آخری دن وہ مطلوبہ چیز بے بس ہو کر اس شخص کے سامنے حاضر ہوگی، اس سے شراط طے کر لیں۔ اس سے حاضر ہونے کا طریقہ پوچھ لیں۔ یہ راز کسی پر ظاہر نہ کریں، اگر کسی کو بتا

> (سورہ کوثر) ایسی طاقتور سورۃ جو کالے علم سے سو گنا زیادہ، فوری اثر کرنے والی ہے۔ ایسے آسان اور زبردست عملیات جو آپ کو دوسرے عملیات سے بے نیاز کر دیں گے۔ ایک ایسی طاقتور سورۃ جس سے آپ اپنی زندگی میں پیش آنے والے تمام مسائل فوری حل کر سکتے ہیں۔

دیا تو عمل کا اثر ختم ہو جائے گا، اور مطلوبہ چیز عامل کے قابو سے نکل جائے گی اور عامل کا نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ رازداری شرط ہے۔ عمل کے دوران پرہیز جلالی و جمالی ضرور کریں۔ بغیر اجازت عمل نہ کریں۔

نوری سفلی منتر سورہ کوثر برائے حب

اس عمل کو نئے چاند سے باپرہیز ایک تسبیح بعد نماز عشاء تنہائی میں

آپ کی آراء اور مضامین

راہنمائے عملیات کے بارے میں اپنی رائے یا مشورہ یا مضمون آپ ہمیں درج ذیل ای میل کے ذریعے بھی ارسال کر سکتے ہیں۔

email:kirathor@yahoo.com

پڑھے۔ عمل پڑھنے سے پہلے اپنا حصار کریں۔ اس عمل کو 40 دن تک پڑھتے رہیں۔ سنگدل سے سنگدل محبوب آپ کا عاشق بن جائے گا۔ عمل محبوب کے تصور کے ساتھ پڑھیں۔ محبوب کو حاصل کرنے کے لیے یہ ایک زبردست عمل ہے۔

اقسمت علیکم اجب یا جبرائیل بحق انا اعطینک الکوثر فلاں بن فلاں کو میری محبت میں بے قرار حاضر کرو۔ ہر طرف کرو کام **یا بدیع یا بدیع یا بدیع العجل الساعۃ الوحا۔**

حاضرات سورۃ کوثر (نوری سفلی عمل)

شیشے کے گلاس میں پانی بھر کر 101 بار یہ عمل 40 دن پڑھیں۔ دوران عمل پانی میں طرح طرح کے نظارے نظر آئیں گے۔ عامل اپنا دل مضبوط رکھے۔ اس عمل میں اجازت ضروری ہے۔ چالیس دن سے پہلے حاضرات سے بات چیت ہرگز نہ کریں۔ عمل با پرہیز با شرائط کریں۔

اقسمت علیکم و عزمت علیکم اجب یا موکلات سورۃ کوثر حاضرات کو حاضر کرو دو بحق **یا بدیع یا بدیع یا بدیع العجل الساعۃ الوحا۔**

تسخیر حبشی بچہ (موکل) سورہ کوثر

21 دن ہر رات 2754 بار پڑھنے سے آپ اس عمل کے موکل جو کہ حبشی بچے کے روپ میں ہوتا ہے۔ اپنے مختلف کاموں میں مدد کے لیے اس کو تسخیر کر سکتے ہیں۔

قواعد و شرائط چلہ کشی

اگر کوئی شخص عملیات کے میدان میں قدم رکھنا چاہتا ہے تو اس کے لیے وہ شخص سب سے پہلے کوئی کامل اُستاد تلاش کرے جو موکلات ساعات اور عملیات کا پورا پورا علم رکھتا ہو اور وہ کرامت و غرور میں مبتلا نہ ہو۔ پھر اس سے عملیات کا طریقہ سیکھے اور اجازت حاصل کرے۔ جیسے مرشد فرمائے ویسا ہی کرے۔ عمل کرنے والا شخص ہر وقت باوضو رہے۔ حلال روزی کھاتا ہو، عمل پڑھنے کے لیے جو وقت مقرر کرے اس کی پابندی کرے۔ جھوٹ نہ بولے، کیونکہ اس سے عمل کا اثر چلا جاتا ہے۔ کھانے پینے کا پرہیز۔ جمالی جلالی کرے۔ عمل کی جگہ تبدیل نہ کرے اس سے عمل کمزور ہو جاتا ہے۔ جب بھی کوئی عمل موکلات کے ساتھ ہو یا کوئی جلالی عمل ہو یا کسی تعویذ کی زکات ادا کرنا ہو تو اپنے گرد حصار حفاظتی دائرہ بنا کر بیٹھے۔ اس سے عامل بیرونی خطرات، ہوائی چیزوں کے حملوں سے حفاظت میں رہے گا۔ مکمل تفصیلات کے لیے ولی کامل مرشد اکمل جناب خالد اسحاق راٹھور مدظلہ کی شہرہ آفاق کتاب ''اُصول و قواعد عملیات'' کا مطالعہ کریں۔

عامل جب کسی عمل کے لیے بیٹھتا ہے تو اس عمل کی روحانیات (روحانی مخلوق) عامل کی طرف متوجہ ہوتی ہے۔ عامل اپنے عمل کے لیے جو وقت مقرر کرے اس کی پابندی کرے۔ کیونکہ اس عمل کی روحانی مخلوق اگلے دن اسی وقت مقررہ پر عمل کی جگہ حاضر ہوگی اس لیے عمل کی روحانی مخلوق کو انتظار کی زحمت نہ دیں، بلکہ مقرر وقت سے چند منٹ پہلے عمل شروع کر دیں۔ عامل جب کسی عمل یا تعویذ کی زکات ادا کرے تو ہر روز اس عمل کو گیارہ یا اکیس بار اپنے ورد میں رکھے۔ جب تک ہر روز اس عمل کی مداومت کرتا رہے گا۔ اس عمل کی زکات قائم رہے گی۔

عامل کوئی بدبودار چیز کھا کر عمل نہ شروع کرے، جیسے لہسن، کچا پیاز وغیرہ۔ کیونکہ اس بو سے موکلات یعنی روحانی مخلوق کو تکلیف و پریشانی ہوتی ہے۔ جب کوئی شخص عمل پڑھنے بیٹھتا ہے تو اس عمل کے روحانی موکلات حاضر ہوتے ہیں۔ اگر پڑھائی کے دوران عامل کے منہ سے بدبو نکلے گی تو موکل پریشان ہو کر بددعا کریں گے عامل کو فائدہ کی بجائے نقصان ہوگا۔ کوئی بھی عمل ہمیشہ نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔

☆☆☆☆☆

79

قسط 11

طب نبوی

بہت مفید ہے۔ تقیب پر لیپ کرنے سے سختی آ جاتی ہے اور اس کا لیپ ٹوٹے ہوئے اعضاء کو بھی جوڑ دیتا ہے۔ اعضاء کے درد میں مسکن ہے۔ زخم کے خون کو بند کرتی ہے۔ سردیوں کے موسم میں اس کا سونگھنا نزلہ کے لیے مفید ہے۔

کرفس اور نرگس کے فوائد

فائدہ:

جامع کبیر میں لکھا ہے کہ کرفس کھایا کرو، کیونکہ یہ عقل کو بڑھاتا ہے اور نرگس کو اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ سونگھا کرو چاہے دن میں ایک مرتبہ یا مہینہ میں ایک مرتبہ یا سال میں ہی ایک مرتبہ کیوں نہ ہو۔ کرفس کے فوائد یہ ہیں۔ پیٹ میں قبض کرتا ہے، بھوک بڑھاتا ہے۔ مقوی دل ہے۔ بلغم کے فساد کو دور کرتا ہے۔ منی کو زیادہ کرتا ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ اس کے کھانے سے جی متلا رہا ہو تو رُک جاتا ہے، لیکن پیٹ میں سوزش پیدا کرتا ہے اور ذہن کو تیز کرتا ہے۔

> ''طب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم'' صحت و علاج کے حوالے سے ایک خاص اور نمایاں موضوع ہے۔ مضامین کا یہ سلسلہ قرآنی آیات اور احادیث نبوی ﷺ کے حوالے سے راہنمائی کرے گا۔

نرگس کے فوائد یہ ہیں:

مادہ کو جذب کرتی ہے، پیٹ کے کیڑوں کو مارتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ اگر اس کی جڑ کو پانی میں پکا کر پیا جائے تو قے لاتی ہے۔ رحم کو پاک کرتی ہے۔ حمل کو گراتی ہے۔ معدے سے فاسد مواد خارج کرتی ہے اور زخموں کو بھر دیتی ہے۔ اگر اس کو پیس کر اور شہد میں ملا کر درد مفاصل پر ملنے تو

بہی کے خواص اور فائدے

علاج:

بہی کے بہت سے فائدے ہیں، مثلاً دل کی ظلمت کو دُور کرتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی ہو تو اس کے لیے مفید ہے۔ معدے اور دل و دماغ کے لیے قوت بخش ہے۔ رُوحِ حیوانی کے لیے مفرح اور اس کا کھانا کاہلی اور وساوس کو دفع کرتا ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے اس کا سونگھنا رُوح کو طاقت بخشتا ہے۔ حمل کو گرنے سے روکتا ہے۔ ضعف جگر کے لیے بہت مفید ہے اور نزلہ بند کرتا ہے اور قلب کی جلا کرتا ہے۔

لوبیہ کے خواص اور فائدہ

علاج:

قوت باہ کو حرکت میں لاتا ہے اور منی پیدا کرتا ہے۔ عورت کے دودھ میں اضافہ کرتا ہے۔ بند پیشاب اور حیض جاری کرتا ہے۔ جسم کی نشوونما کرتا ہے۔ درد کمر اور درد گردہ میں مفید ہے۔ لیکن دیر سے ہضم کرتا ہے اور نفخ کرتا ہے اور اس کے کھانے سے غلیظ مادے پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس کا مصلح خردل اور زنجبیل ہے۔ حمل کے زمانے میں اکثر لوبیا کھانے سے اولاد عقلمند پیدا ہوتی ہے۔

خربوزہ کے خواص اور فائدے

علاج:

خربوزہ کے دیگر فوائد کے علاوہ ایک فائدہ یہ ہے کہ حمل کے زمانے

میں اگر عورت اس کا بکثرت استعمال کرے تو لڑکا خوبصورت اور تندرست پیدا ہوگا۔

نسیان اور بھول پیدا کرنا والی چیزیں

مندرجہ ذیل نو چیزوں سے نسیان کا مرض پیدا ہوتا ہے۔(۱) پنیر کھانے سے۔(۲) چوہے کا جوٹھا کھانے پینے سے۔(۳) کھٹا سیب کھانے سے۔(۴) ہرا دھنیا بکثرت کھانے سے۔(۵) گردن پر اکثر و بیشتر پچھنے لگوانے سے۔(۶) دو عورتوں کے درمیان چلنے سے۔(۷) اپنے مطلوب کی طرف دیکھنے سے۔(۸) کھٹمل اور جوں کو زندہ چھوڑ دینے سے۔(۹) قرآن شریف کی تلاوت ہمیشہ قبرستان میں کرنے سے۔

فائدہ:

پیٹ کے کیڑوں کو مارنے کے لیے نہار منہ کھجور کھانا مفید ہے۔ جس شخص کا قرآن پاک حفظ کرنے کا ارادہ ہو تو اس کو چاہیے کہ شہد بکثرت استعمال کرے۔ یہ تمام روائتیں جامع کبیر سے لی گئی ہیں۔ واللہ اعلم ا

مشک کے خواص اور فائدے

علاج:

صاحب جامع صغیر نے سلمہ بن اکوع سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر اور ریش مبارک پر مشک لگایا کرتے تھے۔

فائدہ:

علماء نے لکھا ہے کہ اس میں یہ حکمت ہے کہ مشک رنگ گورا کرتا ہے۔ دل و دماغ اور باہ کے لیے قوت بخش ہے۔ وحشت، غم اور خفقان بارد کو دفع کرتا ہے۔ سدوں کو کھولتا ہے اور اخلاط کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کے سونگھنے سے نزلہ اور صداع بارد نہیں ہونے پاتا۔ اس کا لیپ باہ کو حرکت میں لاتا ہے۔ اگر کسی کی آنکھ میں غبار یا سفیدی ہو تو اس کا لگانا بہت مفید ہے۔ اس کا سونگھنا غشی کے لیے بھی بہت مفید ہے۔ فالج، لقوہ اور بدن سُن ہو جائے تو اس کا لگانا مفید ہے۔ غشی اور نسیان کے لیے فائدہ مند ہے۔ اور ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک سُکہ تھا۔ آپ اس میں سے خوشبو لیا کرتے تھے۔

فائدہ:

معلوم ہونا چاہیے کہ سُکہ اس طرح تیار ہوتی ہے کہ خوشبو دار چند چیزیں لے کر ان کو خوب اچھی طرح پانی میں حل کیا جائے۔ پھر تھوڑا سا خوشبو دار تیل لیں اور اس میں دو درہم یا کچھ زیادہ مشک ملا کر چار گھنٹے تک کھرل کریں پھر جب وہ خشک ہونے لگے تو اس کی ٹکیاں بنالی جائیں۔ یہ ٹکیاں جب خشک ہو جائیں تو ان میں سوراخ کر کے ایک ہار بنالیں اور جب خوشبو کو دل چاہے تو اس کو سونگھا کریں۔ بعض علماء نے لکھا ہے کہ قربت کے وقت اگر اس کو گلے میں پہن لیا جائے تو قوت باہ بہت غالب رہتی ہے۔ واللہ اعلم۔

یہاں پر یہ بات سمجھ لی جائے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خوشبو کی حاجت نہیں تھی۔ کیونکہ آپ ﷺ کی اپنی ذاتی خوشبو اس قدر تھی کہ دوسری خوشبو اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی تھی۔ حضرت انس ابن مالکؓ نے کہا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ میں جو خوشبو تھی وہ میں نے کسی مشک اور عنبر میں نہیں دیکھی، اور یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی گلی یا راستے سے گزرتے تھے تو تمام راستے میں خوشبو پھیل جاتی تھی اور اس خوشبو سے لوگ سمجھ جاتے تھے کہ آپ اس راہ سے گزرے ہیں۔ اور ام سلمہؓ آپ ﷺ کا پسینہ لے کر عطر میں ملایا کرتی تھیں، جس کی وجہ سے ان کا عطر تمام

عطروں سے بہتر ہو جاتا تھا۔ عتبہ بن واحد کے جسم پر کوئی مرض ہو گیا تھا۔ آپ ﷺ نے اس کے جسم پر اپنا دستِ مبارک پھیرا تو اس کا تمام بدن معطر ہو گیا۔ اس شخص کی چار بیویاں تھیں اور وہ ہر روز عطر لگایا کرتی تھیں۔ لیکن عتبہ کے بدن کی خوشبو سب سے افضل رہتی تھی۔ یہ تمام واقعہ طبرانی نے معجم صغیر میں لکھا ہے۔

سُرمہ لگانے کا صحیح طریقہ

علاج:

ابو داؤد میں روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے رات کو سوتے وقت خوشبودار سرمہ لگانے کا حکم فرمایا ہے۔

فائدہ:

بعض علماء نے لکھا ہے کہ خوشبودار سے یہاں پر مشک ملا ہوا سرمہ مراد ہے۔ اور ابن ماجہ میں روایت ہے کہ اثمد سرمہ سب سرموں سے بہتر ہے۔ کیونکہ یہ نگاہ کو روشن کرتا ہے اور پلکوں کو گھنا کرتا ہے۔ ترمذی کی شرح میں ہے کہ سرمہ اصفہانی کو اثمد کہتے ہیں۔ بعض احادیث میں ہے کہ سرمہ جب لگایا جائے، طاق عدد لگایا جائے۔

فائدہ:

علماء نے سرمہ لگانے کے تین طریقے لکھا ہیں، ایک یہ کہ دو سلائیاں داہنی آنکھ میں اور دو سلائیاں بائیں آنکھ میں لگائے۔ پھر ایک سلائی دائیں آنکھ میں یہ کہ دو سلائیاں داہنی آنکھ میں اور دو سلائی بائیں آنکھ میں لگا دے اور تیسرا طریقہ یہ ہے کہ تین تین سلائیاں دونوں آنکھوں میں لگا دے۔

خوشبو کے فوائد اور خواص

علاج:

سفر السعادت میں ہے کہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں جب کوئی شخص خوشبو پیش کرتا ہے تو آپ اس کو رد نہ فرماتے تھے۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ کوئی شخص اگر آپ کو خوشبو دے تو اس کو رد نہ کرے۔

فائدہ:

علماء نے لکھا ہے کہ خوشبو کے استعمال اور مکانوں کو صاف ستھرا رکھنے سے صحت عمدہ رہتی ہے اور فرحت حاصل ہوتی ہے، تقویت قلب کے لیے بھی یہ بہت مفید ہے۔ مسند بزار میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ پاک ہے اور پاکی وصفائی رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ بخشش والا ہے اور بخشش کرنے والے کو دوست رکھتا ہے اس لیے ہر شخص کو چاہیے کہ اپنے رہنے کی جگہ اور مکانوں کو صاف ستھرا رکھیں۔ یہودیوں کی طرح نہ ہو جائیں جو اپنے صحنوں میں کوڑا اور گندگی جمع رکھتے تھے۔ بقراط نے لکھا ہے بدبو سے کا انسان بیمار ہو جاتا ہے۔ اس لیے انسان کو چاہیے کہ گندگی اور بدبو سے اپنے آپ کو پوری طرح محفوظ رکھے اور اپنے آپ کو حد اعتدال سے نہ بڑھنے دے۔ کیونکہ افراط اور تفریط ہر کام میں مضر ہے۔ انسان کو نہ تو لچھوں کی طرح ہر وقت بناؤ اور سنگھار میں ہی لگا رہنا چاہیے اور نہ جاہل فقیروں کی طرح رہے جو نہانا دھونا اور صفائی کو بالکل خیر باد کہہ کر بھبوت مل کر اور سر کی لٹیں بڑھا کر مگن رہتے ہیں۔

وجہ یہ ہے کہ دوا کا اثر جب ہی ہوتا ہے جب کہ دو غذا نہ بن جائے۔

انسان کو چاہیے کہ اپنے گھر میں شیر کی کھال کا فرش نہ کریں کیونکہ اس سے وحشت اور خفقان پیدا ہوتا ہے۔

رات کو اور کپڑے سے جھاڑو دینے کا نقصان

صلوٰۃ سعودی میں لکھا ہے کہ رات کے وقت جھاڑو دینے سے محتاجی آتی ہے۔ بستان میں ابو اللیث نے لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص کپڑے سے جھاڑو دے گا تو محتاج ہو جائے گا۔ واللہ اعلم۔

مختلف کھانوں کے جمع کرنے کے نقصان

علاج:

سفر السعادت میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو مختلف قسم کی غذاؤں کو کبھی جمع نہ فرماتے تھے۔ مثلاً مچھلی اور دودھ کو جمع نہ فرماتے تھے۔ ترشی اور دودھ بھی جمع نہ فرماتے تھے۔ دو گرم اور دو سرد غذاؤں کو بھی ایک ساتھ استعمال نہ فرماتے تھے۔ ایسے ہی دو قابض اور دو دست آور غذاؤں کو بھی جمع نہ فرماتے تھے۔ جمع کرنے کا مطلب یہ ہے کہ معدے میں جمع نہ فرماتے تھے۔ یعنی کبھی ایسا اتفاق نہیں ہوا کہ آپ ﷺ نے کبھی مچھلی کھائی ہو اور بغیر ہضم ہوئے اس کے اوپر دودھ نوش فرمایا ہو۔ دودھ اور انڈا، دودھ اور گوشت بھی ایک ساتھ تناول نہ فرماتے تھے۔ قابض اور مسہل، جلدی ہضم ہونے والی اور دیر سے ہضم ہونے والی، اور گوشت پکا ہوا اور بھنا ہوا۔ باسی اور تازہ گوشت بھی ایک ساتھ جمع نہ فرماتے۔ کیونکہ دو مختلف چیزیں ہضم کرنے کے لیے معدے پر بہت بار پڑتا ہے۔

جاری ہے........

خالد اسحاق راٹھور

زہرہ تسدیس مشتری

سعادتوں سے بھرا ایک خاص وقت

زہرہ تسدیس مشتری کی ابتداء، تکمیل اور اختتام کے اوقات صفحہ نمبر 15 پر دیکھ سکتے ہیں۔

اپریل 2010 میں کئی ایک سعد کوا کبی پوزیشن بن رہی ہیں ان میں ایک تو شرف شمس ہے جس کو الگ اور کافی تفصیل سے بیان کیا گیا ہے اور دوسری پوزیشن دو سعد ترین کواکب یعنی زہرہ اور مشتری کی تسدیس ہے۔

زہرہ اور مشتری کی یہ تسدیس ذاتی اور نظری حوالوں سے سعد ہے اور یہ کم وبیش کسی بھی مثبت و سعد نوعیت کے کام میں کامیابی کے لیے استعمال ہو سکتی ہے۔ لوگوں کی توجہ حاصل کرنے، گھروں میں پیار محبت پیدا کرنے، روٹھے میاں بیوی، بہن بھائیوں، یار دوست احباب کو منانے اور اکٹھے کرنے، حکومتی افسران اور عہدے داروں سے کام لینے، احکام کی تسخیر کرنے، جنس مخالف کی توجہ و تسخیر، حصول کامیابی اور آسودگی و خوشحالی، منگنی شادی، کاروبار کے چلانے اور دیگر لاتعداد کاموں میں اس سعد نظر کی سعدیت و فعالیت سے مستفید ہوا جا سکتا ہے۔

سطور ذیل میں قرآن کی ایک آیت جو کسی بھی کام میں اللہ کی مدد و نصرت کے حصول کے لیے استعمال کی جاتی ہے، تحریر ہے۔ سو اس عمل کی تیاری کے لیے بھی اس آیت سے استفادہ کیا گیا ہے۔ آیت یہ ہے:-

وینصرک اللہ نصرا عزیزا (فتح:3)

نقش و لوح اس سعد وقت میں تیار کر لیں۔ استعمال کے حوالے سے آبی و بادی دونوں چالوں کے نقوش تیار کر دیئے گئے ہیں۔ تسخیر و الفت و محبت کے کاموں میں مطلوب کو پلانے کے لیے آبی نقوش سے فائدہ اٹھائیں اور گلے میں ڈالنے وغیرہ کے لیے بادی چال کے نقش یا لوح سے فائدہ اٹھائیں۔

دونوں نقوش بمعہ چال یہ ہیں:-

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۲۲۰	۲۱۶	۲۰۹	۲۲۳
۲۱۰	۲۲۲	۲۲۱	۲۱۵
۲۲۵	۲۱۱	۲۱۴	۲۱۸
۲۱۳	۲۱۹	۲۲۴	۲۱۲

یااللہ یااللہ

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۲۲۳	۲۰۹	۲۱۶	۲۲۰
۲۱۵	۲۲۱	۲۲۲	۲۱۰
۲۱۸	۲۱۴	۲۱۱	۲۲۵
۲۱۲	۲۲۴	۲۱۹	۲۱۳

یااللہ یااللہ

☆☆☆☆☆